# Zarai Taraqiati Bank Ltd.

Public Relations & Media Services Department

Head Office, P.O Box No.1400, Islamabad

Tel.9252681, Fax:9252682

## پریس ریلیز

**اسلام آباد 14 اگست 2020**

پاکستان کے 73 ویں یوم آزادی کے پرمسرت موقع پر زرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈ (ZTBL) نے ہیڈ آفس اسلام آباد میں پرچم کشائی کی تقریب کا انعقاد کیا۔تقریب میں بینک کے سینئر ایگزیکٹوز، افسران اور ملازمین نے شرکت کی۔اس موقع پر بینک کے سیکورٹی گارڈز نے سلامی پیش کی اور قومی ترانہ چلایا گیا۔

بینک کے صدر محمد شہباز جمیل نے اپنے خصوصی پیغام میں کہا کہ زرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈ ہر سال کی طرح اس دن کو پوری عقیدت اور جذبے کے ساتھ مناتا ہے اور مہذب قومیں اپنے مضبوط نظریات کی بنیاد پر زندہ ہیں۔ یہ امر قابل ذکر ہے کہ ہمیں اپنی آنے والی نسلوں میں آزادی کی قدر کے بارے میں آگاہی اور تربیت دینی چاہیئے تاکہ وہ نظریہ پاکستان کو اپنی زندگی کا اولین مقصد بنائیں۔ یہ ہمیں اپنے آباؤاجداد کی قربانیوں کی یاد دلاتا ہے جو انہوں نے مادرِ وطن کی آزادی کے لئے دی تھیں۔

اس موقع پر صدر زرعی ترقیاتی بینک نے کہا اگر ہم پاکستان کو ایک اسلامی اور فلاحی ریاست بنانا چاہتے ہیں تو ہمیں اس کے حصول کے مقاصد کو ہمیشہ یاد رکھنا چاہیئے۔ملک کی خوشحالی اور ہمارے لوگوں کی فلاح اس بنیاد کے ساتھ جڑی ہوئی ہے۔بطور قوم ہم آج فخر کے ساتھ پاکستان کا 73 واں یوم آزادی منا رہے ہیں اور ہمیں معلوم ہے کہ ہماری زمین بہت زرخیز ہے اور ہمیں کسانوں کی سہولت کے لئے زراعت کی ترقی میں اپنا مربوط کردار ادا کرنا چاہیئے۔ میں اپنی اور اپنی تمام ٹیم کی جانب سے سب کو پاکستان کے 73 ویں یوم آزادی کی مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

(ناصر حسین)

انچارج (تعلقات عامہ)

فون نمبر:0309-0535214